© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**رسولِ رحمتؐ، مکہ کی وادیوں میں (جلد دوم)**، حافظ محمد ادریس۔ ناشر: مکتبہ معارفِ اسلامی، منصورہ، ملتان روڈ لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۵۴۳۲۴۷۶۔ صفحات: ۴۶۴۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔

جلد اوّل کے تسلسل میں، زیرِ نظر دوسری جلد سات ابواب پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں ہجرتِ حبشہ (اوّل و دوم)، حضرت حمزہؓ، حضرت عمرؓ، حضرت ابوذر غفاریؓ، حضرت ضماد بن ثعلبہؓ، حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ کا قبولِ اسلام، شعبِ ابی طالب، عام الحزن، سفرِ طائف، سفرِ معراج، بیعتِ عقبہ (اوّل و دوم)، ہجرت مدینہ، مسجد نبوی کی تعمیر، اصحابِ صفّہ، اذان اور نماز، نمازِ جمعہ کی فرضیت اور اہمیت، رمضان کے روزے اور عیدین، تحویلِ قبلہ اور اسلامی تقویم کے موضوعات پر تحقیق کے ساتھ بات کی گئی ہے۔ ہر باب متعدد ضمنی سرخیوں میں منقسم ہے۔ احادیث اور اشعار کے حوالے بھی دیے گئے ہیں۔ اقبال اور حفیظ جالندھری کا کلام، اسی طرح نقشے اور کہیں کہیں تصاویر بھی شامل ہیں۔ جیسا کہ مؤلف نے بتایا ہے کہ پہلی دو جلدیں مکی زندگی کے چند واقعات پر مشتمل ہیں لیکن بعض موضوعات کی مزید وضاحت کے لیے مدنی زندگی کے چند واقعات بھی شامل کیے گئے ہیں۔

مکتبہ معارف اسلامی نے کتاب اہتمام سے شائع کی ہے۔ مؤلف کے لیے باعثِ اجر اور کتب سیرت کے اردو ذخیرے میں ایک قابلِ لحاظ اضافہ ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**جلوؤں کا نہیں ٹھکانہ**، ڈاکٹر سلیس سلطانہ چغتائی۔ ناشر: جہانِ حمد پبلی کیشنز، نوشین سنٹر، دوسری منزل، کمرہ نمبر ۱۹، اردو بازار کراچی۔ صفحات: ۲۹۷۔ قیمت: ۶۰۰ روپے۔

پاکستان، بھارت اور غیر ممالک میں مقیم دونوں ملکوں کے مسلمانوں پر مشتمل جہانِ اردو سے ہر سال کم و بیش دو تین لاکھ خواتین و حضرات فریضۂ حج ادا کرتے ہوں گے لیکن حج کے سفرنامے سال میں فقط دو یا تین ہی سامنے آتے ہیں۔ اس برس شائع ہونے والے سفرناموں میں



© rasailojaraid.com